اپنے احباب کو ای میل کیجئے پرنٹ کیجئے بند کیجئے

フリーの動物壁紙集
backgrounds.inbox.com/動物壁紙
多数の壁紙コレクションの中から お気に入りの動物たちを見つけよう！

Share

ملک بھر میں گرمی کی شدت، لوڈشیڈنگ میں اضافہ، پانی کی شدید قلت

چھور میں درجہ حرارت 43 سینٹی گریڈ، جیکب آباد 42 اور کراچی میں 40 سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا

کراچی / سکھر (اسٹاف رپورٹر/بیورو رپورٹ) کراچی، حیدر آباد، سکھر اور چھور سمیت ملک بھر میں گرمی کی شدت میں اضافہ ہو گیا اور چھٹی کے باوجود لوڈشیڈنگ سے عوام سراپا احتجاج ہوگئے، ملک میں سب سے زیادہ گرمی چھور میں پڑی جہاں کا درجہ حرارت 43 سینٹی گریڈ تک جاپہنچا جبکہ سبی اور جیکب آباد میں 42 درجہ حرارت رہا۔ شہر قائد میں اتوار کو سال کا گرم ترین رہا اور درجہ حرارت 40 سینٹی گریڈ تک جاپہنچا، محکمہ موسمیات کے مطابق آج بھی درجہ حرارت 40 سینٹی گریڈ رہے گا اور گرمی کی شدت کا سلسلہ آئندہ چند روز تک جاری رہے گا۔ سکھر اور گردونواح کے علاقوں میں اچانک گرمی کی شدت میں اضافہ ہو گیا، دھوپ، تپش اور حبس نے لوگوں کو نڈھال کردیا، گرمی کی شدت کے باعث دن کے اوقات میں کاروباری سرگرمیاں متاثر ہو کر رہ گئیں جبکہ سڑکوں پر ٹریفک بھی معمول سے کم دکھائی دیا۔ کشمور میں اتوار شدید گرمی اور لوڈشیڈنگ سے عوام پریشان ہوگئے۔ دریں اثناء جام شورو شہر اور گردونواح میں بجلی کی طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور شہر میں 11 دن سے پینے کے پانی کی عدم فراہمی کے خلاف شہر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال رہی جبکہ شہریوں نے احتجاجی مظاہرہ کرکے انڈس ہائی وے پر مسلسل 8 گھنٹوں تک دھرنا دیا، دھرنے کے شرکاء نے حیسکو انتظامیہ کیخلاف شدید نعرے لگائے، احتجاج کے دوران ٹائر نذر آتش کئے گئے جبکہ مسلسل احتجاجی دھرنے کے دوران انڈس ہائی وے مکمل بلاک ہونے کے باعث ملک کے مختلف شہروں میں جانے والی تمام پبلک ٹرانسپورٹ معطل ہو گئی جس کے باعث ہزاروں مسافر پھنس گئے اس موقع پر پی پی کے مقامی رہنما حاجی عبدالواحد بخش پھلائی، ماجد علی خاصخیلی، کامریڈ جوشیلو سندھی، روشن علی برہمانی، اکبر بھلائی و دیگر نے خطاب کے دوران مطالبہ کیا کہ واٹر سپلائی اسکیم کی بجلی بحال کرکے شہریوں کو پینے کا پانی فراہم کرنے کے دوران کافی عرصہ سے بجلی کی طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے۔

ASKで キャッシング 審査 のQ&Aを調べよう!

ShareThis

آج کا اخبار پڑھیے